سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: خاصہ سال دوم | پرچہ: پہلا | مضمون: دراسۃ القرآن

تاریخ: 01-02-2025 | دن: ہفتہ | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط ممتحن: ______

رول نمبر: ____________

دستخط طالبہ: ____________

KANZUL MADARIS BOARD

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: نصابی سورتوں کی روشنی میں بتائیے کہ حضرت آدم علیہ السلام اور ابلیس کا واقعہ۔۔۔ میں دو بار بیان ہوا۔

(الف) سورۃ التوبۃ (ب) سورۃ الانفال (ج) سورۃ الاعراف (د) سورۃ یونس

سوال نمبر 2: اصحاب مدین کی طرف بھیجے گئے۔

(الف) حضرت شعیب علیہ السلام (ب) حضرت صالح علیہ السلام (ج) حضرت موسیٰ علیہ السلام (د) حضرت ہارون علیہ السلام

سوال نمبر 3: "امی" ہونا حضور ﷺ کے لئے۔۔۔ ہے۔

(الف) کنیت (ب) نام مبارک (ج) معجزہ (د) لقب

سوال نمبر 4: بلعم بن باعورا کی دنیا و آخرت۔۔۔ نے تباہ کر دی۔

(الف) غفلت و گمراہی (ب) لالچ اور نفسیاتی خواہش (ج) آیتوں کو جھٹلانے (د) خواہشات کے تابع ہونے

سوال نمبر 5: مسلمانوں پر اونگھ اور بارش کا ہونا۔۔۔ کا واقعہ ہے۔

(الف) جنگ بدر (ب) جنگ احد (ج) جنگ خیبر (د) جنگ تبوک

سوال نمبر 6: سورۃ الانفال میں کامل مومن کے۔۔۔ اوصاف بیان ہوئے۔

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 5 (د) 6

سوال نمبر 7: "شر الدواب"۔۔۔ کو کہا گیا ہے۔

(الف) مشرکوں (ب) کافروں (ج) منافقوں (د) مرتدوں

سوال نمبر 8: "رَبَّنَا اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَّ تَوَفَّنَا مُسْلِمِیْنَ" یہ دعا کس موقع پر پڑھنے کی ترغیب ہے؟

(الف) آزمائش کے وقت (ب) بارش کے وقت (ج) خوشی کے وقت (د) رزق میں برکت کے لیے

سوال نمبر 9: نصابی سورتوں میں سے کس سورۃ کے دس سے زیادہ نام ہیں۔

(الف) سورۃ ھود (ب) سورۃ الانفال (ج) سورۃ الحجر (د) سورۃ التوبۃ

سوال نمبر 10: ۔۔۔ سے منافقوں کو روک کر مسلمانوں اور منافقوں میں فرق کیا گیا ہے۔

(الف) غزوہ احد (ب) غزوہ تبوک (ج) غزوہ حنین (د) غزوہ خیبر

سوال نمبر 11: ایمان کے بغیر۔۔۔ قبول نہیں۔

(الف) نماز (ب) روزہ (ج) دعا (د) کوئی عمل

سوال نمبر 12: دریا کے کنارے رہنے والی۔۔۔ کو ہفتے کے دن شکار کرنا منع تھا۔

(الف) قوم ثمود (ب) قوم عاد (ج) بنی اسرائیل (د) اصحابِ مدین

سوال نمبر 13: جنتیوں کی دعا کا پہلا حصہ ۔۔۔ ہے۔

(الف) سلام (ب) الحمد للہ (ج) سبحان اللہ (د) تحمید

سوال نمبر 14: حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی ۔۔۔ سے پیدا ہوئی۔

(الف) پہاڑ (ب) مٹی (ج) چٹان (د) پہاڑ کے پتھر

سوال نمبر 15: سورۃ توبہ میں کافر سے دوستی کرنے والے کو کہا گیا ہے۔

(الف) فاسق (ب) نافرمان (ج) ظالم (د) غیر ہدایت یافتہ

سوال نمبر 16: مخلوق کو معبود سمجھ کر ان سے مدد مانگنا ۔۔۔ ہے۔

(الف) شرک (ب) کفر (ج) ناجائز (د) ممنوع

سوال نمبر 17: فرمان مصطفیٰ ﷺ: منافق ۔۔۔ یاد نہیں کر سکتا۔

(الف) **سورۃ یونس** (ب) **سورۃ التوبۃ** (ج) **سورۃ الرعد** (د) **سورۃ اعراف**

سوال نمبر 18: زکوٰۃ کے مصارف ۔۔۔ میں بیان ہوئے۔

(الف) **سورۃ النحل** (ب) **سورۃ الرعد** (ج) **سورۃ التوبۃ** (د) **سورۃ الانفال**

سوال نمبر 19: کتاب کی روشنی میں بتائیے کامل ایمان کا تقاضا کیا ہے؟

(الف) خاموشی اختیار کرنا (ب) مال کا صدقہ دینا (ج) نماز کی ادائیگی (د) اللہ کے علاوہ کسی سے نہ ڈرنا

سوال نمبر 20: "عزیر اللہ کا بیٹا ہے" یہ ۔۔۔ نے کہا ہے۔

(الف) عیسائیوں (ب) یہودیوں (ج) مشرکوں (د) **اصحابِ مدین**

سوال نمبر 21: نماز میں سستی ۔۔۔ کی علامت ہے۔

(الف) کفر (ب) فسق (ج) نفاق (د) شرک

سوال نمبر 22: ۔۔۔ حرمت والا مہینہ ہے۔

(الف) شوال المکرم (ب) ربیع الاول (ج) صفر المظفر (د) محرم الحرام

سوال نمبر 23: اسلام نے کن لوگوں کو جہاد میں شرکت کی اجازت نہ دی؟

(الف) منافق (ب) دیہاتی (ج) ضعفاء (د) عذر پیش کرنے والے

سوال نمبر 24: غزوہ بدر کا تفصیلی واقعہ ۔۔۔ میں ہے۔

(الف) **سورۃ التوبۃ** (ب) **سورۃ الانفال** (ج) **سورۃ یونس** (د) **سورۃ ھود**

سوال نمبر 25: مصیبت آنے پر توبہ نہ کرنا اور اسے محض اتفاق سمجھنا ۔۔۔ کی علامت ہے۔

(الف) منافق (ب) کافر (ج) فاسق (د) غافل

## حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: مدین والوں کی تین خرابیاں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: آفتوں اور مصیبتوں میں اللہ کی حکمت ہے کوئی ایک حکمت تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل کو کون سی غیبی خبریں بتائی جو درست ثابت ہوئی؟

سوال نمبر 4: جانوروں سے بھی زیادہ بھٹکے لوگ کون ہیں؟

سوال نمبر 5: بنی اسرائیل پر طاعون کا عذاب کیوں آیا؟

سوال نمبر 6: ایمان کامل کا تقاضا کیا ہے؟

سوال نمبر 7: مہاجرین اور انصار صحابہ کے لئے اللہ تعالیٰ نے کیا انعامات بیان فرمائے؟

سوال نمبر 8: بطرا، مکاء ان الفاظ کے معانی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: سورۃ الاعراف آیت نمبر 33 کی روشنی میں بتائیے کہ اللہ پاک نے کون کون سی چیزیں حرام فرمائیں ہیں؟

سوال نمبر 10: خانہ کعبہ میں کفار کس طرح عبادت کرتے تھے؟

سوال نمبر 11: مسجد ضرار بنانے کا مقصد کیا تھا؟

سوال نمبر 12: حضرت یونس علیہ السلام کی توبہ قبول ہونے اور فرعون کی توبہ قبول نہ ہونے کی وجہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 13: حضور پاک ﷺ نے کن سورتوں کے متعلق فرمایا کہ ان سورتوں نے مجھے بوڑھا کر دیا؟ نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 14: دوبارہ پیدا کرنے کا مقصد کیا ہے؟ مختصراً تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: اونٹنی کی کونچیں تو چند لوگوں نے کاٹی تھیں لیکن عذاب پوری قوم ثمود پر کیوں آیا؟

سوال نمبر 16: بندے کے ایمان کی مثال درخت سے دینے میں کیا حکمت ہے؟

سوال نمبر 17: "اصحاب الایکۃ" کا معنی بیان کیجئے۔ اس سے کونسی قوم مراد ہے؟

سوال نمبر 18: شہد کے تخلیقی مراحل کس طرح قدرت الٰہی واضح کر رہے ہیں؟

سوال نمبر 19: کیا اللہ کریم کی رحمت سے مایوس ہونا درست ہے؟

سوال نمبر 20: غزوہ تبوک میں حاضر نہ ہونے والے اصحاب کے نام تحریر کیجئے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: جانوروں سے بدتر کافروں کی کون سی بری عادتیں بیان کی گئی ہیں نیز بتائیے کہ زکوۃ نہ دینے والوں کو کس دردناک عذاب کی خبر سنائی گئی ہے؟

سوال نمبر 2: اسراف و تکبر کس کی صفات ہیں؟ قرآن پاک میں اتنی کثرت سے حضرت موسیٰ علیہ السلام اور فرعون کا واقعہ کیوں ذکر کیا گیا ہے؟

سوال نمبر 3: سورۃ الانفال کی وجہ تسمیہ لکھ کر تین مضامین تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: سورۃ الرعد آیت نمبر 31 میں کفار کے کن حیلے بہانوں کا جواب دیا گیا؟ تفصیلاً تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم میں پائی جانے والی خرابیاں ہم میں کیسے پائی جاتی ہیں اور ان کا خاتمہ کیسے ممکن ہے؟

رول نمبر: ____________

دستخط طالبہ: ____________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **خاصہ سال دوم** | پرچہ: دوسرا | مضمون: **علوم التفسیر**

تاریخ: **03-02-2025** | دن: پیر | کل وقت: **30 منٹ** | کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط ممتحن: ______

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: علم تفسیر۔۔۔ علوم میں سے ہے۔

(الف) دنیوی (ب) طبّی (ج) دینی (د) سائنسی

سوال نمبر 2: ۔۔۔ تمام علوم میں افضل و اعلیٰ ہے۔

(الف) علم حدیث (ب) علم الفرائض (ج) علم تفسیر (د) علم النحو

سوال نمبر 3: خیط الابیض سے۔۔۔ مراد ہے۔

(الف) سفید ڈورا (ب) سیاہ ڈورا (ج) سرخ ڈورا (د) نیلا ڈورا

سوال نمبر 4: اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت کے لئے۔۔۔ کتابیں اور صحیفے نازل فرمائے۔

(الف) 105 (ب) 104 (ج) 204 (د) 205

سوال نمبر 5: حضرت ادریس علیہ السلام پر۔۔۔ صحیفے نازل ہوئے۔

(الف) 30 (ب) 50 (ج) 10 (د) 60

سوال نمبر 6: "المنزل علیٰ نبیہ محمداً" سے مراد ہے۔

(الف) تورات (ب) انجیل (ج) قرآن پاک (د) زبور

سوال نمبر 7: قَرْنٌ کا معنی ہے۔

(الف) جمع کرنا (ب) پڑھانا (ج) فیصلہ کرنا (د) ملانا

سوال نمبر 8: بلاغ کا معنی ہے۔

(الف) حکم پہنچانا (ب) حکم ماننا (ج) حکمت (د) حکومت

سوال نمبر 9: وحی کی۔۔۔ قسمیں ہیں۔

(الف) 3 (ب) 5 (ج) 7 (د) 9

سوال نمبر 10: حضرت اسرافیل علیہ السلام۔۔۔ سال تک حضور ﷺ کی بارگاہ میں وحی لاتے رہے۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 6 (د) 5

سوال نمبر 11: قرآن پاک کا نزول۔۔۔ مرتبہ ہوا۔

(الف) 5 (ب) 7 (ج) 3 (د) 2

سوال نمبر 12: قرآن پاک کا نزول ماہ۔۔۔ میں ہوا۔

(الف) شوال (ب) رمضان (ج) رجب (د) ربیع الاول

سوال نمبر13: جمع قرآن کی قسمیں ہیں۔

(الف)3 (ب)6 (ج)2 (د)5

سوال نمبر14: وہ چمڑا جو دباغت کے بعد باریک کھالوں سے بنایا جاتا ہے اسے۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف)عسیب (ب)کَتِفَ (ج)رِقاع (د)اَدِیْم

سوال نمبر15: آیت کے لغوی معنی ہیں۔

(الف)جگہ (ب)بلند مرتبہ (ج)علامت (د)الف، ب، ج تینوں

سوال نمبر16: سورۃ کے لغوی معنی ہیں۔

(الف)عمدہ (ب)بلند مرتبہ (ج)جماعت (د)ب اور ج دونوں

سوال نمبر17: ترتیبِ قرآن کی۔۔۔قسمیں ہیں۔

(الف)3 (ب)9 (ج)11 (د)2

سوال نمبر18: قرآن پاک کو حضور ﷺ نے۔۔۔سورتوں میں تقسیم فرمایا۔

(الف)112 (ب)114 (ج)116 (د)118

سوال نمبر19: قرآن پاک کی آیات۔۔۔ہزار سے زائد ہیں۔

(الف)8 (ب)4 (ج)9 (د)6

سوال نمبر20: ہمارے مصاحف میں رکوع کی تعداد ہے۔

(الف)558 (ب)480 (ج)540 (د)560

سوال نمبر21: قرآن کے حاشیہ پر "ع"۔۔۔کی علامت ہے۔

(الف)رکوع (ب)آیت (ج)وقف (د)سورۃ

سوال نمبر22: ۔۔۔کی روایت بالمعنیٰ جائز ہے۔

(الف)حدیث قدسی (ب)حدیث نبوی (ج)قول صحابی (د)قرآن مجید

سوال نمبر23: ۔۔۔آسمانی کتابوں کے تمام فوائد کی جامع ہے۔

(الف)تورات (ب)زبور (ج)انجیل (د)قرآن مجید

سوال نمبر24: قرآن پاک کی صفات اور خصوصیات کے لحاظ سے اس کے۔۔۔نام ہیں۔

(الف)58 (ب)کثیر (ج)68 (د)55

سوال نمبر25: علم تفسیر کا موضوع ہے۔

(الف)حدیث نبوی (ب)حدیث قدسی (ج)قرآن پاک (د)کلمہ

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ____________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **خاصہ سال دوم** | پرچہ: **دوسرا** | مضمون: **علوم التفسیر**

تاریخ: **03-02-2025** | دن: **پیر** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75**

KANZUL MADARIS BOARD

# حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: علم تفسیر کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: علم تفسیر کی کیا فضیلت ہے؟

سوال نمبر 3: قرآن کی تعریف عربی میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: قرآن پاک کی صفات و کمالات کے لحاظ سے اس کے کثیر نام ہیں؟ 3 تحریر فرمائیے۔

سوال نمبر 5: حدیث الٰہی (قدسی) کو راوی کن الفاظ سے روایت کرتے ہیں؟

سوال نمبر 6: وحی کے لفظ کے لغوی معنی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 7: قرآن مجید میں شک کرنے والے کا حکم سپرد قلم فرمائیے۔

سوال نمبر 8: تین کاتبین وحی کے نام تحریر فرمائیے۔

سوال نمبر 9: جمع صدیقی و جمع عثمانی میں فرق تحریر فرمائیے۔

سوال نمبر 10: آیت کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 11: مئین کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 12: حوامیم سورتیں کتنی اور کون کون سی ہیں؟

سوال نمبر 13: مکی اور مدنی سورت کسے کہتے ہیں؟ نیز مدنی سورتوں کی تعداد تحریر فرمائیے۔

سوال نمبر 14: قرآن کے مضامین بنیادی طور پر کتنی اور کون کونسی قسموں پر مشتمل ہیں؟

سوال نمبر 15: تفسیر بالماثور کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 16: تفسیر کی کتنی اور کون کون سی شرائط ہیں؟

سوال نمبر 17: اسرائیلی روایات کا حکم تحریر فرمائیے۔

سوال نمبر 18: تفسیر قرآن کا معنی تحریر فرمائیے۔

سوال نمبر 19: اعجاز قرآن کا معنی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 20: نسخِ ضمنی نسخ کی کس تقسیم سے تعلق رکھتا ہے؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: ناسخ کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ وضاحت تحریر فرمائیے۔

سوال نمبر 2: اعجازِ قرآن کے دو مقصد تحریر کیجئے نیز اعجازات خمسہ کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: حفاظتِ قرآن کا معنی بیان کیجئے نیز حفاظتِ قرآن کی کوئی ایک صورت تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: نزولِ قرآن کا معنی نیز مقصدِ نزول کی مشترک حکمت تحریر فرمائیے۔

سوال نمبر 5: مفسرِ قرآن کسے کہتے ہیں؟ نیز مفسر کی شرائط تحریر فرمائیے۔

رول نمبر: ____________

دستخط طالبہ: ____________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **خاصہ سال دوم** — پرچہ: **تیسرا** — مضمون: **الحدیث الشریف**

تاریخ: **04-02-2025** — دن: **منگل** — کل وقت: **30 منٹ** — کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط ممتحن: ______

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: حیاء کے حصے ہیں:

(الف) 70 سے کچھ زائد — (ب) 80 سے کچھ زائد — (ج) 90 سے کچھ زائد — (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 2: حدیث کی رو سے خالص منافق میں۔۔۔ باتیں ہوں گی۔

(الف) دو — (ب) چار — (ج) چھ — (د) آٹھ

سوال نمبر 3: کن کا چلنا رسول اللہ ﷺ کے مبارک چلنے جیسا تھا؟

(الف) حضرت علی رضی اللہ عنہ — (ب) حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا — (ج) حضرت حسن رضی اللہ عنہ — (د) حضرت حسین رضی اللہ عنہ

سوال نمبر 4: کَانَ کَلَامُ رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ۔۔۔

(الف) کَلَامًا طَوِیْلًا — (ب) کَلَامًا بَعِیْدًا — (ج) کَلَامًا فَصْلًا — (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 5: اچھی بات کہنا۔۔۔ ہے۔

(الف) بھلائی — (ب) خیر خواہی — (ج) صدقہ — (د) نیکی

سوال نمبر 6: نماز کو لمبا اور خطبے کو مختصر کرنا۔۔۔ کی علامت ہے۔

(الف) اچھائی — (ب) جلد بازی — (ج) بھلائی — (د) دانائی

سوال نمبر 7: جنت میں شور وغل سے پاک موتیوں سے بنے ہوئے گھر کی بشارت۔۔۔ کو دی گئی۔

(الف) حضرت آسیہ رضی اللہ عنہا — (ب) حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا — (ج) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا — (د) حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا

سوال نمبر 8: درج ذیل میں سے کون سے اعمال اپنے سے ماقبل اعمال کو مٹا دیتے ہیں؟

(الف) اسلام، نماز، حج — (ب) اسلام، ہجرت، نماز — (ج) اسلام، ہجرت، حج — (د) اسلام، حج، زکوۃ

سوال نمبر 9: میں تمہیں۔۔۔ کے بارے میں اللہ کی یاد دلاتا ہوں۔

(الف) قرآن — (ب) اہل بیت — (ج) صحابہ کرام — (د) عشرہ مبشرہ

سوال نمبر 10: سرکہ کیا ہی بہترین۔۔۔ ہے۔

(الف) سالن — (ب) شربت — (ج) کھانا — (د) دواء

سوال نمبر 11: جب تم میں سے کسی کو دعوت دی جائے تو اس کے لئے کیا حکم ہے؟

(الف) فَلْيُجِبْ — (ب) فَلَا يُجَبْ — (ج) فَلَمْ يُجِبْ — (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 12: برکت کھانے کے درمیان میں نازل ہوتی ہے پس۔۔۔

(الف) درمیان سے کھاؤ — (ب) کناروں سے کھاؤ — (ج) کناروں سے نہ کھاؤ — (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر13: نماز، علم اور دیگر عبادات کے لئے سکون اور وقار کے ساتھ آنا۔۔۔ہے۔

(الف)فرض (ب)واجب (ج) مستحب (د) مکروہ

سوال نمبر14: رسول اللہ ﷺ نے۔۔۔میں سانس لینے سے منع فرمایا۔

(الف) کھانے (ب)برتن (ج) مشکیزے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر15: قوم کو پلانے والا۔۔۔پیئے۔

(الف)سب سے پہلے (ب) درمیان میں (ج) سب سے آخر میں (د) کھڑے ہو کر

سوال نمبر16: "صفر" کا مطلب ہے۔

(الف)النحاس (ب)القدح (ج)تور (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر17: اے عبداللہ! اس شخص کی طرح نہ ہونا کہ رات میں قیام کرتا تھا۔۔۔

(الف) پھر کم کردیا (ب) پھر چھوڑ دیا (ج)مزید شروع کردیا (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر18: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جہنم سے بچو اگرچہ۔۔۔سے ہو"۔

(الف) لمبی نمازوں (ب) صدقہ دینے (ج) خیرات (د) کھجور کے ٹکڑے

سوال نمبر19: رسول اللہ ﷺ جب کسی قوم کے پاس تشریف لاتے تو۔۔۔مرتبہ سلام کرتے۔

(الف) ایک (ب) دو (ج) تین (د) چار

سوال نمبر20: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ہفتے میں کتنے دن وعظ فرمایا کرتے تھے؟

(الف) ایک دن (ب) دو دن (ج) تین دن (د) چار دن

سوال نمبر21: رسول اللہ ﷺ پردہ میں رہنے والی دوشیزہ سے زیادہ۔۔۔تھے۔

(الف) پردہ دار (ب) وفادار (ج) حیاء دار (د) باکردار

سوال نمبر22: تَأَيَّمَتْ

(الف) صارت بلا زوجة (ب) صار بلا زوجة (ج) صارت بلا زوج (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر23: اَلْبِضْعُ سے مراد ہے۔

(الف) ایک سے تین (ب) ایک سے دس (ج) تین سے سات (د) تین سے دس

سوال نمبر24: اونٹ کی طرح ایک سانس میں نہ پیو بلکہ۔۔۔میں پیو۔

(الف) دو یا تین (ب) تین یا چار (ج) چار یا پانچ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر25: ہر اچھے کام کی ابتداء سیدھی جانب سے کرنا۔۔۔ہے۔

(الف) فرض (ب) واجب (ج) مستحب (د) ان میں سے کوئی نہیں

# حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: ریاض الصالحین کے مصنف کا نام، کنیت اور لقب بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: حیاء کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: اللہ عزوجل کے نزدیک قیامت کے دن لوگوں میں سب سے برا کون ہے؟

سوال نمبر 4: نماز کی طرف جانے کے لئے کیا انداز اختیار کرنے کا حکم ہے؟

سوال نمبر 5: مہمان نوازی کی فضیلت میں ایک حدیث بیان کیجئے۔

سوال نمبر 6: سابقہ گناہوں کو مٹانے والے اعمال کتنے اور کون کون سے ہیں؟

سوال نمبر 7: رسول اللہ ﷺ نے کتاب اللہ کے بارے میں کیا نصیحت فرمائی؟

سوال نمبر 8: "سم اللہ و کل بیمینک و کل ممایلیک" اعراب لگائیے اور ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 9: جب کسی کا لقمہ گر جائے تو کیا کرنا چاہئے؟

سوال نمبر 10: برتن میں سانس لینے کا کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 11: سونے اور چاندی کے برتنوں میں کھانے اور پینے کی وعید بیان کیجئے۔

سوال نمبر 12: اللہ تعالیٰ قیامت کے دن کن لوگوں سے کلام نہیں فرمائے گا؟

سوال نمبر 13: رسول اللہ ﷺ جب اپنے بستر پر تشریف لے جاتے تو کیا عمل کرتے؟

سوال نمبر 14: مبشرات کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 15: جب کوئی شخص ناپسندیدہ خواب دیکھے تو کیا کرے؟

سوال نمبر 16: اہلِ کتاب کے سلام کے جواب دینے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 17: چھینک کے جواب کا طریقہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 18: مسلمان پر مسلمان کے کتنے اور کون کون سے حقوق ہیں؟

سوال نمبر 19: مردے کی پردہ پوشی کی فضیلت بیان کیجئے۔

سوال نمبر 20: "لا اکل متکئا" میں خط کشیدہ کی وضاحت کیجئے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: "لا یحل لمسلم ان یقیم عند اخیہ حتی یؤثمہ" اعراب لگائیے اور ترجمہ کرتے ہوئے خط کشیدہ الفاظ کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 2: کون سے کاموں کو دائیں طرف سے کرنا مستحب ہے؟ یہ بیان کرتے ہوئے 10 ایسے کام سپرد قلم کیجئے۔

سوال نمبر 3: "قال رسول اللہ ﷺ ان من اعظم الفری ان یدعی الرجل الی غیر ابیہ، او یری عینہ مالم ترہ، او یقول علی رسول اللہ ﷺ مالم یقل" مذکورہ حدیث پاک کا ترجمہ اور وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 4: نماز جنازہ کا طریقہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: "لا یحل لرجل ان یفرق بین اثنین الا باذنھما" حدیث پاک کا ترجمہ تحریر کیجئے نیز مجلس کے آداب بیان کیجئے۔

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

رول نمبر: ____________

درجہ: **خاصہ سال دوم** | پرچہ: **چوتھا** | مضمون: **العقیدۃ**

تاریخ: **06-02-2025** | دن: **جمعرات** | کل وقت: **30 منٹ** | کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط مفتشہ: ______

دستخط طالبہ: ____________

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: مکہ والوں نے کس جبل کو چاند کے دو ٹکڑوں کے درمیان دیکھا؟

(الف) جبل نور (ب) جبل طور (ج) جبل احد (د) جبل حراء

سوال نمبر 2: ابو رافع یہودی کو کس نے قتل کیا؟

(الف) عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ (ب) عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ (ج) عبداللہ بن عتیک رضی اللہ عنہ (د) عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ

سوال نمبر 3: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا لقب کیا تھا؟

(الف) عتیق (ب) فاروق (ج) خطاب (د) الامام

سوال نمبر 4: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا نام کیا ہے؟

(الف) عبداللہ (ب) عبدالرحمٰن (ج) صخر (د) عمر

سوال نمبر 5: ایک وسق میں کتنے صاع ہوتے ہیں؟

(الف) ساٹھ (ب) ستر (ج) پچاس (د) اسّی

سوال نمبر 6: کون سے امام بچپن میں نابینا تھے؟

(الف) امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ (ب) امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ (ج) امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ (د) امام ابو داؤد رحمۃ اللہ علیہ

سوال نمبر 7: امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کو کتنی احادیث راویوں کے نام اور حالات کے ساتھ یاد تھیں؟

(الف) 6 لاکھ (ب) 12 لاکھ (ج) 3 لاکھ (د) 7277

سوال نمبر 8: امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کا سن ولادت کیا ہے؟

(الف) 261ھ (ب) 256ھ (ج) 204ھ (د) 279ھ

سوال نمبر 9: صاحب مشکوٰۃ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک کس چیز نے توحید و رسالت کی گواہی دی؟

(الف) کھجور کا خوشہ (ب) پتھر (ج) گوہ (د) درخت

سوال نمبر 10: کس بزرگ رحمۃ اللہ علیہ نے اہل جہاز کو پانی پہ چل کر دکھایا؟

(الف) شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ (ب) عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (ج) ابوالقاسم اکبر آبادی رحمۃ اللہ علیہ (د) علامہ شطنوفی رحمۃ اللہ علیہ

سوال نمبر 11: حضرت عزرائیل علیہ السلام کے ذمہ کون سا کام ہے؟

(الف) صور پھونکنا (ب) رزق تقسیم کرنا (ج) وحی پہنچانا (د) روح قبض کرنا

سوال نمبر 12: حضرت شیخ محمد شربینی رحمۃ اللہ علیہ کی لاٹھی کس صورت کو دھار لیتی تھی؟

(الف) انسانی صورت (ب) جن کی صورت (ج) پتھر کی صورت (د) شیر کی صورت

سوال نمبر13: لاغو کے کیا معنی ہیں؟

(الف) تنگدست (ب) کمزور (ج) سست (د) فقیر

سوال نمبر14: حضور غوث پاک رحمۃاللہ علیہ نے شراب کی بُو کو کس میں تبدیل فرمایا؟

(الف) شہد (ب) دودھ (ج) سرکا (د) سیب

سوال نمبر15: شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃاللہ علیہ کس صحابی کی اولاد سے ہیں؟

(الف) حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ (ب) حضرت عمر رضی اللہ عنہ (ج) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ (د) حضرت علی رضی اللہ عنہ

سوال نمبر16: مطبخ کسے کہتے ہیں؟

(الف) کمرہ (ب) غسل خانہ (ج) باورچی (د) دکان

سوال نمبر17: امام ترمذی رحمۃاللہ علیہ نے ترمذی شریف کو۔۔۔کے لئے کافی قرار دیا۔

(الف) مجتہد (ب) عالم (ج) مفتی (د) عام لوگوں

سوال نمبر18: کس صحابی رضی اللہ عنہ کا چہرہ آقا کریم ﷺ کے دستِ مبارک پھیرنے سے چمک اٹھا؟

(الف) حضرت عمر رضی اللہ عنہ (ب) حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ (ج) حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ (د) حضرت عباس رضی اللہ عنہ

سوال نمبر19: فرید الدین گنج شکر رحمۃاللہ علیہ کے تصرف سے لڑکی کی شادی کے لئے کتنی اینٹیں سونا بنیں؟

(الف)4 (ب)3 (ج)2 (د)1

سوال نمبر20: حضرت عکاشہ رضی اللہ عنہ کی تلوار ٹوٹنے پہ آقا کریم ﷺ نے انہیں۔۔۔کی چیز کے تلوار بنا کر دی۔

(الف) تنکے (ب) کھجور کی شاخ (ج) لکڑی (د) درخت

سوال نمبر21: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کتنے سال عمر پائی؟

(الف)103 سال (ب)93 سال (ج)63 سال (د)82 سال

سوال نمبر22: کاک کس زبان کا لفظ ہے؟

(الف) پنجابی (ب) سرائیکی (ج) افغانی (د) انگریزی

سوال نمبر23: انسان اپنے فعل کا خود مختار ہے یہ کس کا عقیدہ ہے؟

(الف) اہلسنت (ب) قدریہ (ج) جبریہ (د) معتزلہ

سوال نمبر24: حضرت انس رضی اللہ عنہ کی کنیت کیا ہے؟

(الف) ابوالحسن (ب) ابو محمد (ج) ابو انس (د) ابو حمزہ

سوال نمبر25: امام ترمذی رضی اللہ عنہ کو علم فقہ اور حدیث میں کیا حاصل ہے؟

(الف) علم لدنی (ب) ید بیضا (ج) ید طولیٰ (د) طرہ امتیاز

سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ____________

درجہ: خاصہ سال دوم | پرچہ: چوتھا | مضمون: العقیدۃ

تاریخ: 06-02-2025 | دن: جمعرات | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: تجرید و وحدت سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 2: کن ہستیوں کو اللہ پاک نے تصرف کا اختیار عطا فرمایا؟

سوال نمبر 3: کیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اختیارِ تصرف تھا؟ دلیل سے واضح کیجئے۔

سوال نمبر 4: حضرت انس رضی اللہ عنہ کا عقیدہِ تصرف دلیل سے واضح کیجئے۔

سوال نمبر 5: اصحابِ صُفہ سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 6: اصحابِ برءۃ کن کو کہتے ہیں اور کہنے کا کیا سبب ہے؟

سوال نمبر 7: سید احمد کبیر رفاعی رحمۃ اللہ علیہ کے سامنے آسمان سے اترنے والے شخص نے کیا خواہش ظاہر کی؟

سوال نمبر 8: جان بوجھ کر روزہ توڑنے کا کفارہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 9: خواجہ بہاؤالدین نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق عبودیت کیا ہے؟

سوال نمبر 10: حضرت نورالدین عبدالرحمٰن علامہ جامی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہِ تصرف ثابت کیجئے۔

سوال نمبر 11: شیخ سعدالدین رحمۃ اللہ علیہ کو تنبولی کہنے کا سبب بیان کیجئے۔

سوال نمبر 12: حضرت فریدالدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ گنج شکر کے نام سے کیوں مشہور ہوئے؟

سوال نمبر 13: انبیاء کرام علیہم السلام اور اولیاء کرام علیہم الرحمہ کو کیسا علم غیب حاصل ہے؟ عقیدہ اہلسنت بیان کیجئے۔

سوال نمبر 14: کیا حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کو علم غیب حاصل ہے؟ دلیل سے ثابت کیجئے۔

سوال نمبر 15: وحی، الہام اور کشف میں فرق ظاہر کیجئے۔

سوال نمبر 16: حاضر و ناظر کے متعلق علمائے اہلسنت کا عقیدہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 17: امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے تعظیم کے انداز کا کوئی واقعہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 18: وسیلہ کی تعریف اور حکم بیان کیجئے۔

سوال نمبر 19: حیاۃ الانبیاء کے عقیدے کو دلیل سے ثابت کیجئے۔

سوال نمبر 20: عقیدہ زیارتِ قبور کو دلیل سے ثابت کیجئے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کا تصرف کے متعلق عقیدہ کیا ہے؟ 2 دلائل سے ثابت کیجئے۔

سوال نمبر 2: کرامت کسے کہتے ہیں؟ نیز حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ کے مردہ زندہ کرنے کے متعلق 2 کرامات دلائل سے ثابت کیجئے۔

سوال نمبر 3: امام موسیٰ کاظم رحمۃ اللہ علیہ کے عقیدہ علم غیب کو دلائل سے ثابت کیجئے۔

سوال نمبر 4: حضور غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ کی برکت سے مرید کا ظاہری معاملہ خواب میں تبدیل ہوا دلیل دیجئے۔ نیز امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کے عقیدہ حاضر و ناظر میں دلیل دیجئے۔

سوال نمبر 5: حضور پاک ﷺ کو وسیلہ بنانے کے حوالے سے 2 بزرگانِ دین کا عقیدہ دلیل سے ثابت کیجئے۔

سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ

کنزالمدارس بورڈانٹرنیشنل

درجہ: خاصہ سال دوم | پرچہ: پانچواں | مضمون: الفقہ

تاریخ: 08-02-2025 | دن: ہفتہ | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

مرکزامتحان:__________ دستخط نگران مرکزامتحان:__________ دستخط ممتحن:______

رول نمبر:__________

دستخط طالبہ:__________

## حصہ اول: معروضی

## کثیرالانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: بیع کا لغوی معنی ہے۔

(الف) مال کو بیچنا (ب) مبیع کو بیچنا (ج) مال کو مال کے بدلے بیچنا (د) قیمت کو قیمت کے بدلے بیچنا

سوال نمبر 2: "البیع ینعقد اذا کانا۔۔۔"

(الف) بلفظ المضارع (ب) بلفظ الماضی (ج) بلفظ الفعل (د) بلفظ الامر

سوال نمبر 3: مجارفۃً کا معنی ہے۔

(الف) ناپنا (ب) اندازہ کرنا (ج) وزن کرنا (د) پیمائش کرنا

سوال نمبر 4: "البیع بثمن حال و مؤجل" ان صورتوں میں بیع ہے۔

(الف) جائز (ب) ناجائز (ج) حرام (د) مکروہ

سوال نمبر 5: جو کھجور کے درخت کی یا عام درخت کی بیع کرے تو اس کا پھل مطلقاً۔۔۔ ہوگا۔

(الف) بائع کے لئے (ب) مشتری کے لئے (ج) بائع و مشتری کے لئے (د) بطورِ وقف

سوال نمبر 6: "من باع ثوباً مذارعۃ کل ذراع بدرھم فالبیع۔۔۔"

(الف) باطل (ب) فاسد (ج) حرام (د) جائز

سوال نمبر 7: بائع و مشتری۔۔۔ میں مشترک ہیں۔

(الف) خیارِ عیب (ب) خیارِ شرط (ج) خیارِ رؤیت (د) خیارِ عتق

سوال نمبر 8: خیارِ شرط کی مدت امام ابو یوسف اور امام محمد کے نزدیک۔۔۔ ہے۔

(الف) تین دن (ب) تین دن سے کم (ج) تین دن سے زائد (د) ایک ماہ

سوال نمبر 9: دورانِ خیار اگر مشتری سے مبیع ہلاک ہو گئی تو مشتری۔۔۔ ادا کرے گا۔

(الف) قیمت (ب) ثمن (ج) مبیع (د) کچھ بھی نہیں

سوال نمبر 10: ۔۔۔ وُرثاء کی طرف منتقل نہیں ہوتا۔

(الف) خیارِ رؤیت (ب) خیارِ شرط (ج) خیارِ عیب (د) ثمن

سوال نمبر 11: ۔۔۔۔ مبیع کو ملکیت سے خارج نہیں کرتا۔

(الف) خیار البائع (ب) خیار المشتری (ج) خیار المبیع (د) الف، ب دونوں

سوال نمبر 12: خیارِ رؤیت کی باطل صورت ہے۔

(الف) بائع خیار طلب کرے (ب) مشتری باندی کا چہرہ دیکھے (ج) مشتری نے مبیع نہ دیکھی ہو (د) مشتری نابینا ہو

سوال نمبر13: "بیع الاعمیٰ و شراؤہ۔۔۔"

(الف)مکروہ (ب)لایجوز (ج)مستحب (د)جائز

سوال نمبر14: بیع فضولی سے مراد ہے۔

(الف)مالک کاغلام کو بیچنا (ب)بے قیمت کوئی چیز بیچنا (ج) کسی اور کی چیز کو بیچنا (د) بطورِ تحفہ چیز دینا

سوال نمبر15: ۔۔۔ کو چکھنے سے نابینا کا خیارِ رؤیت باطل نہیں ہوگا۔

(الف)زمین (ب) پھل (ج) کھانے (د) دوا

سوال نمبر16: ثمن۔۔۔ کو کہتے ہیں۔

(الف) قیمت (ب) مقررہ قیمت (ج) سابقہ قیمت (د) موجودہ قیمت

سوال نمبر17: اصطلاحاً عیب سے مراد۔۔۔ ہے۔

(الف)غلام کا بھاگنا (ب) چوری کرنا (ج) ثمن کا نقصان ہونا (د) مطلقاً نقصان ہونا

سوال نمبر18: مشتری نے غلام کو قتل کر دیا بعد میں اس کے عیب پر مطلع ہوا تو مفتی بہ قول کیا ہے؟

(الف) نقصانِ عیب لے سکتا ہے (ب) رجوع نہیں کر سکتا (ج) بائع پر دینا لازم ہوگا (د) مشتری کے لئے کچھ نہیں

سوال نمبر19: خیارِ عیب باطل ہوگا جب عیب پر۔۔۔

(الف) بائع کی براءۃ ہو (ب) مشتری مطلع ہو (ج) مبیع بیچ چکا ہو (د) ثمن لے چکا ہو

سوال نمبر20: البخر کا معنی ہے۔

(الف) گندہ لباس (ب) گندہ بدن (ج) گندہ دہن (د) بدبودار

سوال نمبر21: الاعواض۔۔۔ کی جمع ہے۔

(الف)عوضۃ (ب)عِوض (ج)عائض (د)عَوْض

سوال نمبر22: "من باع ثمرۃ لم یبد صلاحہا" میں بدو صلاح سے مراد۔۔۔ ہے۔

(الف) پھل کا پکنا (ب) پھل کا توڑنا (ج) پھل کا کچا ہونا (د) پھل کا آندھی سے محفوظ ہونا

سوال نمبر23: جو مشتری ہمیشہ کا خیار طلب کرے تو یہ خیار۔۔۔ ہے۔

(الف) باطل (ب) فاسد (ج) مباح (د)مکروہ

سوال نمبر24: خَبَّازْ۔۔۔ ہے۔

(الف)اسم فاعل (ب)اسم مفعول (ج)صفت مشبہ (د)اسم آلہ

سوال نمبر25: عقدِ بیع کے وقت کسی ایک کا قیام۔۔۔ کو باطل کر دیتا ہے۔

(الف) خیارِ مجلس (ب) بیع (ج) خیارِ شرط (د) ثمن

| | | |
|---|---|---|
| KANZUL MADARIS BOARD | **سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**<br>کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل<br>درجہ: **خاصہ سال دوم** پرچہ: **پانچواں** مضمون: **الفقہ**<br>تاریخ: **08-02-2025** دن: ہفتہ کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75** | رول نمبر: ______________<br>جوابی کاپی نمبر: ____________ |

# حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: المختصر للقدوری کا اسلوب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: بیع کے ارکان و شرائط تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: ام ولد، مدبر، مکاتب کی بیع کا حکم مع علت تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: بیع مذابنہ سے کیا مراد ہے؟ اس کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: "نهى رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عن النجش" ترجمہ کیجئے اور نجش کی مختصر وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 6: "من باع دارا أدخل بناؤها في البيع وان لم يسمه" اعراب لگائیے۔

سوال نمبر 7: بیع مرابحہ و تولیہ میں فرق تحریر کیجئے۔ نیز ان کی صحت کی شرط کیا ہے؟

سوال نمبر 8: کن لوگوں میں سود جاری نہیں ہوتا؟ نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: بیع سلم کا تعلق کن چیزوں کے ساتھ ہے؟

سوال نمبر 10: اجارہ کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 11: بیع صرف کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 12: اہلِ ذمہ کے خرید و فروخت کے احکام مختصراً تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 13: غلام و لونڈی کے شرعی عیب کون سے ہیں؟ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 14: خیارِ شرط سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 15: اثمانِ مطلقہ سے کیا مراد ہے؟ اس صورت میں بیع کا حکم تحریر کیجئے

سوال نمبر 16: اجارہ کے جواز کی کوئی سی 3 صورتیں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 17: اجیر کی کتنی اور کونسی قسمیں ہیں؟

سوال نمبر 18: "خيار المشترى لا يمنع خروج المبيع" مذکورہ مسئلہ کی وضاحت کیجئے

سوال نمبر 19: جس نے ایک عرصہ پہلے مبیع کو دیکھا تھا اب اسے خیارِ رؤیت ہوگا یا نہیں؟

سوال نمبر 20: "أجرة الكيال و ناقد الثمن ۔۔۔ واجرة وزّانِ الثمن ۔۔۔ " خالی جگہ مکمل کیجئے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: "من باع عبدا على انه خباز او كاتب فوجده بخلاف ذالك" مذکورہ عبارت پر اعراب لگاتے ہوئے نفس مسئلہ واضح کیجئے۔

سوال نمبر 2: "من باع صبرة طعام كل قفيز بدرهم جاز البيع في قفيز واحد" "من باع قطيع غنم كل شاة بدرهم فالبيع فاسد في جميعها"
مذکورہ دونوں مسئلوں میں فرق مع اختلافِ ائمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: "ربوا" کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کیجئے نیز "بيع اللحم بالحيوان" کا حکم مع اختلافِ آئمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: بیع فاسد کی تعریف کرتے ہوئے اس کی کوئی سی 4 صورتیں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: "لا تصح الاجارة حتى تكون المنافع معلومة" مذکورہ مسئلہ کا ترجمہ کرتے ہوئے دونوں اجزاء کی وضاحت کیجئے۔

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

رول نمبر: ____________

درجہ: **خاصہ سال دوم** پرچہ: **چھٹا** مضمون: **النحو**

تاریخ: **10-02-2025** دن: **پیر** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

دستخط طالبہ: ____________

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط ممتحن: ______

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25=25x1)**

سوال نمبر 1: "اَلنَّارُ مُشْتَعَلَۃٌ فِي الْحَطَبِ" میں النار۔۔۔ہے۔

(الف) مضاف (ب) موصوف (ج) مصدر (د) مبتدا

سوال نمبر 2: معرب کلمات کے آخری احوال کی تعداد۔۔۔ہے۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 3: مبنی علی السکون۔۔۔ہے۔

(الف) اِنَّ (ب) عَنْ (ج) لِ (د) عَلٰی

سوال نمبر 4: "اِشْتَرٰی زَیْدٌ۔۔۔"

(الف) الجَمَلُ (ب) الجَمَلَ (ج) الجَمَلِ (د) الجَمَلاً

سوال نمبر 5: فعل ماضی جب تاء متحرکہ کے ساتھ متصل ہو تو۔۔۔ہوتا ہے۔

(الف) مبنی بر فتحہ (ب) مبنی بر ضمہ (ج) مبنی بر کسرہ (د) مبنی بر سکون

سوال نمبر 6: "عَلَیْکَ اَنْ۔۔۔النصیحۃ"۔

(الف) تَسْمَعَ (ب) تَسْمَعِیْنَ (ج) أَسْمَعَ (د) نَسْمَعَ

سوال نمبر 7: لَنْ۔۔۔الجُنُوْدُ۔

(الف) تَزْحَفَ (ب) تَزْحَفُوْا (ج) یَزْحَفَ (د) یَزْحَفُوْا

سوال نمبر 8: آخری حالت کے اعتبار سے کلمہ کی۔۔۔اقسام ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 9: فعل امر میں کسی کام کے حصول کی طلب زمانہ۔۔۔میں ہوتی ہے۔

(الف) ماضی (ب) حال (ج) مستقبل (د) تینوں

سوال نمبر 10: اَنْ، لَنْ کا تعلق۔۔۔سے ہے۔

(الف) ناصبہ در اسم (ب) ناصبہ در فعل (ج) جازمہ در اسم (د) جازمہ در فعل

سوال نمبر 11: "الکِتَابُ نَافِعٌ" بصورت جملہ فعلیہ۔۔۔ہے۔

(الف) نَافِعٌ الکِتَاب (ب) یَنْفَعُ الکِتَاب (ج) تَنْفَعُ الکِتَاب (د) الکِتَابُ یَنْفَعُ

سوال نمبر 12: "اَلوَالِدُ مُؤَدَّبٌ۔۔۔الوَلَدُ قَبِیْحٌ"۔

(الف) اِنَّ (ب) اَنَّ (ج) کَاَنَّ (د) لٰکِنَّ

سوال نمبر13: کتاب نحوالواضح میں ۔۔۔حروف جارہ ذکر کیے گئے ہیں۔

(الف)7 (ب)8 (ج)9 (د)10

سوال نمبر14: کَیْفَ یُصْطَادُ السَّمَکُ ؟کا جواب۔۔۔ہے۔

(الف)فِی السَّعْیِ (ب)عَلَی السَّعْیِ (ج)بِالسَّعْیِ (د)لِلسَّعْیِ

سوال نمبر15: خَرَجَ کا تعلق۔۔۔سے ہے۔

(الف)اسم معرب (ب)فعل مضارع (ج)مبنی الاصل (د)مشابہ مبنی الاصل

سوال نمبر16: ۔۔۔سے مضارع اور امر کے افعال نہیں آتے۔

(الف)لَیْسَ (ب)مَابَرِحَ (ج)اَمْسَی (د)مَاانْفَکَّ

سوال نمبر17: "۔۔۔اِسْمٌ مَرْفُوْعٌ فِیْ اَوَّلِ الجُمْلَةِ".

(الف)فعل (ب)فاعل (ج)مبتدا (د)خبر

سوال نمبر18: "یَلْقَی الْمُسِیْءُ جَزَاءَہٗ"۔۔۔کی مثال ہے۔

(الف)معتل بالالف (ب)معتل بالیاء (ج)معتل بالواؤ (د)صحیح الآخر

سوال نمبر19: "طَلَعَ الهِلَالُ" جملہ۔۔۔ہے۔

(الف)اسمیہ (ب)فعلیہ (ج)شرطیہ (د)ظرفیہ

سوال نمبر20: "الجُمْلَةُ المُفِیْدَةُ" میں۔۔۔کلمات موجود ہیں۔

(الف)1 (ب)2 (ج)3 (د)4

سوال نمبر21: الفلاح۔۔۔کا نام رکھا گیا ہے۔

(الف)اشخاص (ب)نباتات (ج)جمادات (د)کسی دوسرے معنی میں استعمال ہوتا ہے

سوال نمبر22: صرف۔۔۔سے کامل معنی نہیں سمجھا جاسکتا۔

(الف)تَجْرِیْ (ب)هَلْ (ج)السفینة (د)فُوْلاً

سوال نمبر23: نَبَحَ۔۔۔.

(الف)الشَّاةُ (ب)الکَلْبُ (ج)القِطُّ (د)الدَّجَاجَةُ

سوال نمبر24: دو فعلوں کو جزم دینے والا حرف۔۔۔ہے۔

(الف)لَمْ (ب)لَمَّا (ج)لَامِ امر (د)اِنْ شرطیہ

سوال نمبر25: "هٰذَا مَیْدَانٌ فَسِیْحٌ" میں فَسِیْحٌ۔۔۔ہے۔

(الف)مضاف الیہ (ب)مشارٌ الیہ (ج)صفت (د)کوئی نہیں

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ____________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **خاصہ سال دوم** پرچہ: **چھٹا** مضمون: **النحو**

تاریخ: **10-02-2025** دن: **پیر** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: "لَاتاکل مالاتَستَطِیع هَضمَه" صلہ کے لئے کیا چیز ضروری ہے؟ نیز مذکورہ عبارت سے اسم موصول پہچانیے۔

سوال نمبر 2: نائب الفاعل اور فاعل میں فرق واضح کیجئے۔

سوال نمبر 3: جُنُوْدٌ ، اَطِبَاءُ ، سُفُنٌ . ان الفاظ کے مفرادات بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: تین ایسے جملے بنایئے جن میں مبتدا مضاف ہو رہا ہو۔

سوال نمبر 5: فعلَین (شرط وجزا) کو جزم دینے والے اداۃ کتنے ہیں؟ تعداد بتاتے ہوئے کوئی سے 4 بیان کیجئے۔

سوال نمبر 6: اسم مقصور کی تعریف اور اعراب سپرد قلم کیجئے۔

سوال نمبر 7: "شَرِبتُ الدَّوَاءَ الَّذِیْ وَصَفَهُ الطَّبِیب" عبارت کی نحوی ترکیب سپرد قلم کیجئے۔

سوال نمبر 8: نہر نیل کے فوائد پر تین جملے زینت قرطاس کیجئے۔

سوال نمبر 9: تین ایسے جملے بنایئے جن میں فعل مضارع مبنی بر فتح ہو۔

سوال نمبر 10: سَعَیَ ، سَفِیَ ، رَضِیَ . ان الفاظ سے اسم منقوص بنایئے۔

سوال نمبر 11: اسماء اور افعال کے اعراب کی اقسام بیان کرتے ہوئے فرق واضح کیجئے۔

سوال نمبر 12: الحصان ، الماءُ ، الرجلُ ان اسماء کو فعل معتل الآخر کا مفعول بہ بنایئے۔

سوال نمبر 13: "عَلَی الانسانِ ان یُراعی فی المَلابسِ فُصُوْلَ السَّنَةِ" اس عبارت سے اسم معرب پہچانئے۔

سوال نمبر 14: عَادَالمسافرُ----وطنه ، یُسَاقُ المجرمُ الی---- ، ترقدُ الدجاجةُ----البَیْضِ. خالی جگہ میں مناسب الفاظ لگایئے

سوال نمبر 15: مبتدا اور خبر کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: فعل مضارع کس وقت منصوب ہوگا؟ مع مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 17: یَرْکَبُ ، الفَاکِهَةُ . ان کلمات کے ساتھ دو سے زیادہ کلمات کو ملا کر مرکب مفید بنایئے۔

سوال نمبر 18: اسمائے خمسہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 19: علامت تانیث کتنی اور کون سی ہیں نیز کیا مؤنث ہونے کے لئے علامت تانیث ہونا ضروری ہے؟

سوال نمبر 20: دو ایسے جملے بنایئے جن میں فعل مضارع اَنْ مقدرہ کی وجہ سے منصوب ہو۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: افعال خمسہ کسے کہتے ہیں؟ ان کا اعراب مع امثلہ قلمبند کیجئے۔

(ب) اعراب محلّی کو واضح کرتے ہوئے مثال دیجئے۔

سوال نمبر 2: کلمہ کی اپنے معنی پر مستقل دلالت کرنے یا نہ کرنے کے اعتبار سے کتنی اقسام ہیں؟ تعریفات مع امثلہ بیان کیجئے۔ نیز اس عبارت "تَجرِی السَّفِینَةُ عَلَی الْمَاءِ" میں ان اقسام کو پہچانئے۔

سوال نمبر 3: فعل کی آخری حرف کے اعتبار سے کتنی اقسام ہیں؟ تعریفات مع امثلہ تحریر کرتے ہوئے معرب و مبنی کلمات کا اعراب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: درج ذیل اسماء کے لئے فعل ماضی لایئے اور ان اسماء کو فعل ماضی کا فاعل بنایئے۔

الشمس السفینة المصباح الربک الشاة

سوال نمبر 5: اسم اشارہ کی تعریف کیجئے نیز بتایئے کہ تثنیہ مذکر و مؤنث کے لئے کونسا اسم اشارہ استعمال ہوگا؟

(ب) "هٰذَاالتلمیذُ نَجَحَ فِی اِمْتِحَانِه" اس عبارت میں اسم اشارہ کو واحد، تثنیہ، جمع تینوں حالتوں میں استعمال کیجئے۔

رول نمبر: ____________

دستخط طالبہ: ____________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **خاصہ سال دوم** پرچہ: **ساتواں** مضمون: **اللغة العربية**

تاریخ: **11-02-2025** دن: **منگل** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط مفتشہ: ______

KANZUL MADARIS BOARD

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: ٹکٹ کو عربی میں ۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف) مقعداً (ب) التذكرة (ج) الطائرة (د) الخلوط

سوال نمبر 2: بَعْدَ ثَلَاثَةِ۔۔۔

(الف) أسابِيْعٍ (ب) اَسَابِيْعُ (ج) اسبوعُ (د) أَسَابِيْعَ

سوال نمبر 3: اِنَّهُ صَغِيْر۔۔۔

(الف) قَلِيْلٌ (ب) قَلِيْلُ (ج) قَلِيْلاً (د) قَلِيْلٍ

سوال نمبر 4: بیس ڈالر کی عربی ہے۔

(الف) ثَلَاثُوْن دُوْلاراً (ب) عَشْرَةُ دُوْلاراً (ج) عِشْرُوْن دُوْلاراً (د) ثَمَانُوْنَ دُوْلاراً

سوال نمبر 5: هَلْ يُوَافِقُ اَبُوْكِ۔۔۔السفر.

(الف) ماذا (ب) على (ج) في (د) ب

سوال نمبر 6: التسوق کا مطلب ہے۔

(الف) شاپنگ (ب) مارکیٹ (ج) فیکٹری (د) ہسپتال

سوال نمبر 7: "اَلْأَجْوَدُ-هذا النَّوْعَ–خُذْ–فهو" درست ترتیب ہے۔

(الف) هذا خُذْ الاجودُ هذا النوع (ب) خُذْ هذا النوعَ فهو الاجودُ

(ج) فهو خذ الاجود هذا النوع (د) هذا النوعَ الْاجْوَدُ فهو خُذْ

سوال نمبر 8: اَعْتَقِدُ صیغہ ہے۔

(الف) جمع متکلم (ب) واحد متکلم (ج) واحد مذکر غائب (د) واحد مؤنث غائب

سوال نمبر 9: سَلَّمَ ہے۔

(الف) مضارع مجہول (ب) ماضی معروف (ج) ماضی مجہول (د) امر حاضر

سوال نمبر 10: خمسةٌ وعشرون ريالاً کا مطلب ہے۔

(الف) 30 ریال (ب) 25 ریال (ج) 26 ریال (د) 20 ریال

سوال نمبر 11: اَكُلْ قَلِيْلاً۔۔۔ہے۔

(الف) جملہ انشائیہ (ب) جملہ فعلیہ (ج) جملہ اسمیہ (د) جملہ شرطیہ

سوال نمبر12: اَلْاَطْفَالُ ہے۔

(الف) واحد (ب) تثنیہ (ج) جمع (د) اسم جمع

سوال نمبر13: غُرْفَةٌ کا معنی ہے۔

(الف) گھر (ب) باغ (ج) کمرہ (د) واش روم

سوال نمبر14: "کُنْتُ اَلْعَبُ مع صَدِیْقَاتِیْ" کا درست ترجمہ ہے۔

(الف) میں اپنے دوستوں کے ساتھ کھیل رہی تھی (ب) وہ کھیل رہی تھی

(ج) تم دوستوں کے ساتھ کھیل رہے تھے (د) ہم دوستوں کے ساتھ کھیل رہے تھے

سوال نمبر15: میں مصروف نہیں۔

(الف) لَسْتَ مَشْغُوْلاً (ب) لَسْنَ مَشْغُوْلاً (ج) لَسْتُ مَشْغُوْلاً (د) لَسْتُنَّ مَشْغُوْلاً

سوال نمبر16: "ذَهَبْتُ اِلَى المستشفى" کا درست ترجمہ ہے۔

(الف) میں ہسپتال جاتی ہوں (ب) میں ہسپتال گئی (ج) تم ہسپتال جاتے ہو (د) ہم ہسپتال جاتے ہیں

سوال نمبر17: چوتھا سبق کی عربی ہے۔

(الف) الدرس الاول (ب) الدرس التاسع (ج) الدرس الخامس (د) الدرس الرابع

سوال نمبر18: الدروس کی واحد ہے۔

(الف) تَدْرِیْس (ب) دراسة (ج) درسٌ (د) مدرّسٌ

سوال نمبر19: دَعْنِیْ کا ترجمہ ہے۔

(الف) میں چھوڑتا ہوں (ب) مجھے چھوڑ دو (ج) میں چھوڑ دوں گا (د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر20: الشُبَّاک کا معنی ہے۔

(الف) دروازہ (ب) پردہ (ج) کھڑکی (د) بیگ

سوال نمبر21: فَمَا رَأْیُکَ کا ترجمہ ہے۔

(الف) اس کی کیا رائے ہے (ب) تمہاری کیا رائے ہے (ج) یہ میری رائے ہے (د) میں آپ کو کیا رائے دوں

سوال نمبر22: بُرْتَقَالٌ کا معنی ہے۔

(الف) سیب (ب) انار (ج) انگور (د) مالٹا

سوال نمبر23: اَدْفَعُ----

(الف) نَقْدٍ (ب) نَقْداً (ج) نَقْدٌ (د) نَقْدِ

سوال نمبر24: الدَّسِم کا معنی ہے۔

(الف) چکناہٹ (ب) عمدہ (ج) بیکری (د) بریڈ

سوال نمبر25: نَسِیْتُ اَنْ----

(الف) اَسْأَلْ (ب) اَسْأَلَ (ج) اَسْأَلِ (د) اَسْأَلاً

| | | |
|---|---|---|
| KANZUL MADARIS BOARD | **سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**<br>کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل<br>درجہ: **خاصہ سال دوم** پرچہ: **ساتواں** مضمون: **اللغة العربية**<br>تاریخ: **11-02-2025** دن: **منگل** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75** | رول نمبر: ______________<br>جوابی کاپی نمبر: ____________ |

# حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: هَلْ تَرْغَبُ بِمَقْعَدٍ بِجَانب الشبّاك؟ هل ما زال مناسباً لك؟ اردو ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: "اين تَقَعُ مَحَطّةُ نَفْطٍ" عربی میں جواب دیجئے۔

سوال نمبر 3: "میں آپ کو دوسرے بس اسٹینڈ پر لے جاتا ہوں" عربی بنائیے۔

سوال نمبر 4: "تَرَكْنَا۔۔۔فی۔۔۔الرحلة" (منتصف-وسط-السائق) خالی جگہ پر کیجئے۔

سوال نمبر 5: بَيْنَمَا کے ساتھ جملہ بنائیے۔

سوال نمبر 6: المحل التجاری ، مُغْلَقٌ ، السوق ، الصيدلية. کوئی سے تین معانی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: "شفاها الله و عَافاها من كلِّ داءٍ" اردو ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: "هَلْ يَسْتَغْرِقُ اعداد الوصفة وقتا طويلاً" ترجمہ کیجئے اور يَسْتَغْرِقُ کا باب بتائیے۔

سوال نمبر 9: لِمَاذا اَنْتَ مُتْعَبٌ جداً اليوم؟ عربی میں جواب دیجئے۔

سوال نمبر 10: "فی الاسبوع الماضی-الی المستشفی-شعَرْت بالم-ولذلک ذهبت" ترتیب دیجئے۔

سوال نمبر 11: کیا آپ نے بخار چیک کیا ہے؟ عربی بنائیے۔

سوال نمبر 12: "انَّ قوانين السكن الجامعي ليْسَتْ مخيفَة" ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 13: "اَبْحَثُ عَنْ غُرْفَةٍ للايجار" عربی میں سوال بنائیے۔

سوال نمبر 14: عن بيت رخيص يبحث ولذلک مستأجر ترتیب دیجئے۔

سوال نمبر 15: ماهی فوائد المذاكرة المدينة لمن يلتزم بها؟ عربی میں جواب دیجئے۔

سوال نمبر 16: "اول تا آخر مدنی مذاکرہ میں سب کو شرکت کرنی ہے" عربی بنائیے۔

سوال نمبر 17: "يَهْتَمُّ المركزُ۔۔۔اهتماماً بالغاً" (بالقافلة/بالتربية) جملہ مکمل کیجئے۔

سوال نمبر 18: "لَاتَأْكُلْ مَايَضُرُّک" ، "لاتَتَكَلَّم فيما تجهَلُهُ" دونوں جملوں کا ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 19: هَلْ تَتَحَمَّلُ مسئؤولِيَّةَ الدعوة الى الله؟ عربی میں جواب دیجئے۔

سوال نمبر 20: "انسان ہمیشہ وعظ و نصیحت کا محتاج ہے" عربی بنائیے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: کسی 1 موضوع پر 10 لائن میں مکالمہ تحریر کیجئے۔ (1) زيارة المريض (2) المطار

سوال نمبر 2: کوئی 5 الفاظ کے معانی تحریر کیجئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سَكَنٌ | اَغْرَاضٌ | جَوَّالٌ | جهاز الكشف |
| مُنْتَجَاتٌ | بَدْلَةٌ | صَارِمَةٌ | بَاهِرٌ |

سوال نمبر 3: "تُعْتَبَرُ المذاكرة المدينة من نشاطاتِ مَرْكز الدعوة الاسلامية هی حوارٌ علميٌ دينيٌّ يقع بين فضِيلة الشيخ ابو بلال محمد الياس العطار القادری و بين الناس"
"تنظيف و ترتيب الغرفةِ و فی خال عدم الالتزام سيكون هناک عقاب يجب على الطالب الالتزام بالهُدُوْءِ و عدَمُ ازعاج الزُّمَلَاءِ الغرفة"
کسی ایک عبارت کا ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 4: "اينما" کا استعمال کرتے ہوئے کوئی 5 جملے بنائیے۔

سوال نمبر 5: کسی 3 کی عربی بنائیے۔

(1) مجھے اس سے سستا چاہیے اس سے کم قیمت والا موجود نہیں ہے۔
(2) آپ کو یہ دوائی لینی چاہیے فارمیسی سے دوائی لے کر آؤ۔
(3) میں رہائشی جامعہ میں داخلہ لینا چاہتا ہوں۔
(4) ہم ہفتہ وار اجتماع میں جانے کی تیاری کر رہے ہیں۔
(5) مدنی مذاکرہ لوگوں کو نمازی بناتا ہے۔

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: جھک کر سلائی کرنے سے۔۔۔ تھک جاتے ہیں۔

(الف) پاؤں (ب) کمر اور کندھے (ج) گھٹنے (د) بازو

سوال نمبر 2: مشین کی سوئی ٹوٹنے کی۔۔۔ وجوہات ہو سکتی ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 3: سلائی کی قینچی کے دونوں دستے۔۔۔ ہوتے ہیں۔

(الف) بڑے (ب) برابر (ج) چھوٹے، بڑے (د) لمبے

سوال نمبر 4: 60 نمبر کا دھاگا۔۔۔ ہوتا ہے۔

(الف) مضبوط اور اچھا (ب) مہنگا (ج) سستا (د) کمزور

سوال نمبر 5: سلائی سیکھنے کے لئے۔۔۔ کپڑا استعمال کرنا بہتر ہے۔

(الف) ریشمی (ب) اونی (ج) باریک (د) سوتی

سوال نمبر 6: تانے کے دھاگے بانے کے دھاگوں سے زیادہ۔۔۔ ہوتے ہیں۔

(الف) مضبوط (ب) کمزور (ج) کچے (د) موٹے

سوال نمبر 7: ترچھی پٹی کی چوڑائی عموماً۔۔۔ ہوتی ہے۔

(الف) 3cm (ب) 2cm (ج) 2.5cm (د) 1.5cm

سوال نمبر 8: جو چیز بھی سیکھی جائے اس کو کم از کم۔۔۔ مرتبہ دوہرا لیا جائے۔

(الف) دو، تین (ب) چار، پانچ (ج) چھ، سات (د) ایک، دو

سوال نمبر 9: کمپیوٹر سے چلنے والی مشین میں ڈیزائن بنانے کے لئے۔۔۔ استعمال ہوتے ہیں۔

(الف) دھاگے (ب) مختلف ڈسک (ج) جدید آلات (د) مہنگے پرزے

سوال نمبر 10: ڈرافٹنگ میں غلطی سے صرف۔۔۔ ضائع ہوتا ہے۔

(الف) وقت (ب) کاغذ (ج) پیسہ (د) کپڑا

سوال نمبر 11: ڈرافٹنگ کے بنیادی اصول ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 5 (د) 4

سوال نمبر 12: ناپ لیتے وقت جسم کو۔۔۔ رکھنا چاہیے۔

(الف) نارمل سیدھا (ب) جھکا ہوا (ج) ڈھیلا (د) سمٹا ہوا

سوال نمبر13: جسم کا ناپ عموماً۔۔۔ سے لیا جاتا ہے۔

(الف) پیچھے (ب) پہلو (ج) سامنے (د) دائیں سائیڈ

سوال نمبر14: قدرتی ریشے سے۔۔۔ کا تعلق ہے۔

(الف) لینن (ب) پولی ایسٹر (ج) نائلون (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر15: سلائی کے وقت کپڑے کو۔۔۔ چلاتے ہیں۔

(الف) دندانے (ب) بازو (ج) پیر (د) سلائیڈ پلیٹ

سوال نمبر16: مغزی لگانے کے کام آتا ہے۔

(الف)Tucker (ب)Binder (ج)Quilter (د)Hemmer

سوال نمبر17: مشین کو ایسی جگہ رکھیں کہ بلب یا سورج کی شعاعیں۔۔۔ پر نہ پڑیں۔

(الف) مشین (ب) آنکھوں (ج) کپڑے (د) سر

سوال نمبر18: مہینے میں کم از کم۔۔۔ دفعہ مشین کو نرم کپڑے سے صاف کریں۔

(الف) ایک (ب) تین (ج) دو (د) چار

سوال نمبر19: استعمال کے بعد فیتے کو لپیٹ کر رکھیں۔

(الف) گول (ب) لمبائی میں (ج) گرہ لگا کر (د) باندھ کر

سوال نمبر20: چھ نمبر کی سوئی سب سے زیادہ ہوتی ہے۔

(الف) مہنگی (ب) باریک (ج) اچھی (د) موٹی

سوال نمبر21: ۔۔۔ کپڑوں کو سکیڑنا ضروری ہے۔

(الف) اونی (ب) سوتی (ج) ریشمی (د) لینن کے

سوال نمبر22: ۔۔۔ سے کپڑا زیادہ ہموار ہوتا ہے۔

(الف) سیدھی طرف (ب) الٹی طرف (ج) کناروں (د) تھان کے شروع

سوال نمبر23: رے آن بنانے میں استعمال ہوتا ہے۔

(الف) فلیکس کا پودا (ب) کاپر آکسائیڈ (ج) بنولے کا روُواں (د) لکڑی کا گودا

سوال نمبر24: گلے پر ترچھی پٹی لگاتے ہوئے پٹی کو بالکل۔۔۔ نہ جائے۔

(الف) کھینچا (ب) دبایا (ج) موڑا (د) چھوڑا

سوال نمبر25: سلائی کے دوران کپڑے کا بڑا حصہ۔۔۔ رکھا جاتا ہے۔

(الف) باہر کی طرف (ب) سیدھے ہاتھ پر (ج) الٹے ہاتھ پر (د) اندر کی طرف

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ____________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **خاصہ سال دوم** پرچہ: **آٹھواں** مضمون: **الاقتصاد المنزلي**

تاریخ: **12-02-2025** دن: **بدھ** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: مشین کے بھاری چلنے کی کوئی سی تین وجوہات قلمبند کیجئے۔

سوال نمبر 2: کپڑے کی ترچھان سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 3: سلائی سے پہلے کپڑے کو سکیڑنے کی کیا اہمیت ہے؟

سوال نمبر 4: ڈرافٹنگ سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 5: سوتی کپڑے کے کوئی سے 3 استعمال بیان فرمائیے۔

سوال نمبر 6: ریشمی دھاگے کی تیاری کا عمل مختصراً بیان کیجئے۔

سوال نمبر 7: نباتاتی ریشے سے کیا مراد ہے؟ کوئی دو مثالیں بھی دیجئے۔

سوال نمبر 8: مرسرائزیشن سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 9: کپڑوں کے تکمیلی عمل سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 10: بھاری جسامت والی خواتین کو کیسے ڈیزائن والے کپڑے پہننے چاہئیں؟

سوال نمبر 11: ایک مسلمان ہونے کے ناطے لباس کے شرعی تقاضے کیا ہیں؟

سوال نمبر 12: دانتوں کو صحیح اور چمکدار رکھنے کے لئے کیا کرنا چاہئے؟

سوال نمبر 13: جمعہ کو ناخن کاٹنے کی کیا اہمیت ہے؟

سوال نمبر 14: جسمانی صفائی کرتے وقت کن اہم باتوں کا خیال رکھنا ہوگا؟

سوال نمبر 15: ہاتھ سے چلنے والی مشین کے کوئی سے تین فوائد تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: سلائی کرتے وقت کس انداز سے بیٹھنے سے تھکاوٹ زیادہ ہوتی ہے؟

سوال نمبر 17: کپڑے کے موٹا یا باریک ہونے کے اعتبار سے ترپائی کے لئے کیسی سوئی استعمال کرنی چاہئے؟

سوال نمبر 18: اچھی فٹنگ سے کیا مراد ہے نیز اچھی فٹنگ والا لباس کیسا ہوتا ہے؟

سوال نمبر 19: کیا وجہ ہے کہ آجکل کچھ اونی کپڑے زیادہ گرم نہیں ہوتے؟

سوال نمبر 20: لینن کا ریشہ کہاں سے اور کیسے حاصل کیا جاسکتا ہے؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: سلائی کے کوئی سے 10 بنیادی اصول بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: ریشہ کسے کہتے ہیں؟ ریشوں کے متعلق جاننا کیوں ضروری ہے؟ نیز ہم گرمیوں میں کس ریشے سے بنے ہوئے کپڑے پہنتے ہیں؟

سوال نمبر 3: ذاتی زیبائش سے کیا مراد ہے؟ نیز ذاتی زیبائش کے کوئی 7 طریقے تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: سلائی میں استعمال ہونے والے کوئی سے 5 آلات کو مختصر مگر جامع بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: ریشم کے ریشے سے بنے ہوئے کپڑوں کی کوئی دس خصوصیات قلمبند کیجئے۔